ادارہ ترقیات کراچی کے سابقہ ڈائریکٹر فنانس شمشیر احمد خان (مرحوم) اچھی شہرت کے حامل آفیسر تھے، کراچی ڈیولپمنٹ اتھارٹی کی تاریخ میں ان کی خدمات سنہرے حروف میں لکھی جائیں گی، ان کا شمار بہترین آفیسر کی فہرست میں شمار ہوتا

ڈائریکٹر فنانس اینڈ اکاؤنٹس کے ڈی اے

شمشیر احمد خان (مرحوم)



ہے۔ سابقہ ڈائریکٹر فنانس شمشیر احمد خان یکم مارچ 2018 کو رضائے الٰہی سے انتقال کر گئے۔ مرحوم نے سوگواران میں زوجہ اور 5 بچے چھوڑے ہیں۔ شمشیر احمد خان (مرحوم) نے ادارہ ترقیات کراچی کی آزادی میں مرکزی کردار ادا کیا۔ ان کی ذاتی کوششوں اور کاوشوں کے باعث 2016 کو ادارہ ترقیات کراچی کو خود مختارہ ادارہ کی حیثیت دی گئی۔ شمشیر احمد خان (مرحوم) نے تقریباً 35 برس سے زائد کراچی ڈیولپمنٹ اتھارٹی میں اپنی خدمات پیش کیں۔ اس عرصے میں انہوں نے دلجوئی کے ساتھ کے ڈی اے کو ترقی یافتہ ادارہ بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔ شمشیر احمد خان (مرحوم) نے دن رات محنت کی ہے جو بہت قابل ستائش عمل ہے، اگر ادارے کے تمام سربراہان افسران وعملہ اسی طرح دیانتداری، ایمانداری اور غیر جانبداری کے ساتھ کام کریں تو وہ دن دور نہیں جب کے ڈی اے ایک دفعہ پھر اپنے پیروں پر کھڑا ہو جائے گا جس سے نا صرف ملازمین و اہلیان کراچی بلکہ پورا پاکستان مستفید ہوگا۔ شمشیر احمد خان (مرحوم) کے وژن کے مطابق کے ڈی اے کی زمینوں کی بقایاجات کی ادائیگی کو یقینی بنایا جارہا ہے تاکہ ادارہ ترقی کر سکے اور شہر کی فلاح و بہبود میں ماضی کی طرح تاریخ ساز کردار ادا کر سکے۔